نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

ہینڈ آؤٹ

وزیرزراعت پنجاب حسین جہانیاں گردیزی نے محکمہ زراعت پنجاب کے زیراہتمام غازی یونیورسٹی میں منعقدہ 2روزہ زرعی نمائش کاافتتاح کیا

یہ نمائش جنوبی پنجاب میں زرعی ترویج وترقی کے لئے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگی۔وزیرزراعت پنجاب حسین جہانیاں گردیزی

جنوبی پنجاب میں زرعی شعبے کی ترقی کے لئے 29مختلف منصوبوں پر10ارب 66 کروڑروپے خرچ کئے جارہے ہیں، حسین جہانیاں

گردیزی نمائش میں قریباً100 سٹالز لگائے گئے ہیں جہاں پر کاشتکار فصلوں، پھلوں وسبزیوں کی پیداوار میں اضافہ کیلئے جدید پیداواری ٹیکنالوجی سے آگاہی حاصل کررہے ہیں،سپیشل سیکرٹری زراعت مارکیٹنگ پنجاب وقارحسین

گزشتہ3سالوں میں5بین الاقوامی نمائشوں سے زرعی برآمدات میں مجموعی طور پر13.5ملین امریکی ڈالرکااضافہ ہواہے، وقارحسین

لاہور7مارچ2022( )وزیرزراعت پنجاب حسین جہانیاں گردیزی نے محکمہ زراعت پنجاب کے زیراہتمام غازی یونیورسٹی میں منعقدہ 2روزہ زرعی نمائش کاافتتاح کیا۔ڈی جی خان میں منعقدہ اس نمائش میں ایم پی اے شاہینہ نجیب کھوسہ،سپیشل سیکرٹری زراعت مارکیٹنگ پنجاب وقارحسین نے خصوصی شرکت کی۔وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ نمائش جنوبی پنجاب میں زرعی ترویج وترقی کے لئے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگی۔اس نمائش میں تمام سٹیک ہولڈرز کی غیر معمولی دلچسپی سامنے آئی ہے جس سے امپورٹرز وایکسپورٹرز کو بزنس ڈیلز میں مدد ملنے کی توقع ہے۔اس نمائش نے تمام اسٹیک ہولڈرز کوایسا پلیٹ فارم مہیا کیا ہے جس سے وہ جدید زرعی مشینری اورفصلوں کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کے لئے جدید پیداواری ٹیکنالوجی سے آگاہی کے علاوہ اپنے کاروبار کے فروغ کے لئے ایک دوسرے سے باآسانی رابطہ کرسکتے ہیں۔موجودہ حکومت ملکی تاریخ کی پہلی حکومت ہے جس کواس بات کا بخوبی ادراک ہے کہ زرعی ترقی کے بغیر معاشی اہداف کاحصول ممکن نہیں ہے۔اس لیے موجودہ حکومت نے برسراقتدار آتے ہی زراعت کے شعبہ کی ترقی کواولین ترجیح قرار دیتے ہوئے اقدامات کا آغاز کیا۔جنوبی پنجاب میں زرعی شعبے کی ترقی کے لئے29مختلف منصوبوں پر کام جاری ہے جس پر مجموعی طور پر10 ارب66 کروڑ روپے کی خطیر رقم خرچ کی جارہی ہے۔جن میں سے جنوبی پنجاب میں افقی لینڈ ڈویلپمنٹ پر 2 ارب روپے۔کارپوریٹ فارمنگ کے منصوبہ پر39 کروڑ روپے۔جنوبی پنجاب میں10 زرعی منڈیوں کے انفراسٹرکچر کی فراہمی کے لئے 19 کروڑ97 لاکھ روپے۔تحصیل کوہ سلیمان اورڈیرہ غازی خان میں زراعت کی ترقی کے منصوبوں پر18 کروڑ58 لاکھ روپے اورراجن پور میں کاٹن ریسرچ سب اسٹیشن کے قیام پر21 کروڑ60 لاکھ روپے خرچ کئے جارہے ہیں۔اس موقع پر **سپیشل سیکرٹری زراعت مارکیٹنگ پنجاب وقارحسین** نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جنوبی پنجاب میں کاشتکاروں ودیگر اسٹیک ہولڈرز نے اس نمائش میں غیر معمولی دلچسپی کا

مظاہرہ کیا ہے۔اس نمائش میں قریباً 100 سٹالز لگائے گئے ہیں جس سے کاشتکاروں کو جدید پیداواری ٹیکنالوجی سے آگاہی کے علاوہ ایک ایسا پلیٹ فارم دیا گیا ہے جو اُن کے کاروبار کے فروغ میں مثبت کردار ادا کرے گا۔گزشتہ تین برسوں کے دوران 5 بین الاقوامی نمائشوں کا انعقاد کیا گیا جس سے زرعی برآمدات میں مجموعی طور پر **13.5 ملین امریکی ڈالر** کا اضافہ ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایگریکلچر شو 2022 کا انعقاد بھی کاشتکاروں اور برآمد کنندگان کیلئے انتہائی فائدہ مند ثابت ہوگا اور یہ نمائش زرعی برآمدات میں اضافہ کے لئے ایک اہم پلیٹ فارم ثابت ہوگی۔نمائش میں محکمہ زراعت کے افسران اور کاشتکاروں کی کثیر تعداد شریک ہوئی۔

0-0-0-0-0